| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی۔**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ا' سے لے کر 'ص' تک کا درست تلفظ صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'ض' Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ض' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ض' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف 'ض' کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائے گی 'ض' حروف تہجی کا بائیسواں حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ض' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ض' کے ذخیرہ الفاظ ضعیف، ضائع، ضرب، ضیافت فلیش کارڈ کے ذریعے کروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا 'ض' کے ذخیرہ الفاظ کم ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سیاہ/ سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور بچوں کو حرف 'ض' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا کہ میں بالکل 'ص' جیسا ہوں اور میری آنکھ کے اوپر ایک نقطہ ہے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 48 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ض' پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ض ضعیف، ض، ضائع وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں وہ ض کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریں گے اور اُس سے شروع ہونے والی چیزوں میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 48<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ض‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ض‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے ’ض‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ض‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’ض‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’ض‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ض‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ضعیف کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ضعیف آدمی ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا بوڑھے انسان کو ضعیف کہتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کے گھر میں کوئی ضعیف لوگ رہتے ہیں۔ جیسے آپ کے دادا، دادی، نانا، نانی یہ ضعیف لوگ ہوتے ہیں۔ ہمیں ان کی مدد کرنی چاہیے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ض‘ کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کے دو گروپ بنایئے ٹیم A اور ٹیم B اُنھیں تصویری کارڈ دکھا کر کہیے کہ ابتدائی حرف کا نام بتائیں زیادہ تعداد میں درست جواب دینے والے ٹیم فاتح ہوگی۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حرف ’ض‘ میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے اور ض کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ضعیف، ضیافت ضائع کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>تصویری فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ض‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ض' پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ض' سے ضرف کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا جب ہمیں چوٹ لگتی ہے تو اُس کو کہتے ہیں ضرب لگنا بچوں کو کہا جائے گا ایسے کام بالکل نہ کریں جس سے آپ کو ضرب لگ جائے اور زخم ہو جائے۔ بچوں کو کہیے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ض' بنائیے۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ض' کا اور باقی حروف کے تصویری فلیش کارڈ کے ساتھ ض کے فلیش کارڈ ٹوکری میں ڈال کر دیں۔ بچوں سے کہیے کہ ض کا فلیش کارڈ میز پر رکھیں اور ٹوکری میں سے 'ض' کی تصاویر کے فلیش کارڈ نکال کر ض کے سامنے رکھیں اور اُن کے نام بتائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ض سے شروع ہونے والی چیزوں کے گرد دائرہ لگائیں گے اور 'ض' کی آدھی شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | تصویری فلیش کارڈ<br><br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ض' کی پوری اور آدھی شکل لکھوائی جائے گی۔ | | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ض' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا حرف 'ض' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے۔ اُن کو صفحہ نمبر 49 کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حروف س، ش، ص اور ض کا Spin Wheel دیا جائے گا جس میں Spin Wheel کو گھما کر ان چاروں حروف کو اُن کی چھوٹی اشکال سے ملائیں گے یہ سرگرمی باری باری سب بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 49 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ض' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے۔ اور نیچے دی گئی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ض' کی آدھی اور پوری شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>Spin Wheel<br>حروف س، ش، ص، ض<br>کتاب صفحہ نمبر 49 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ض' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کران کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ضیافت اور ضائع کے فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ضافت ہے ضیافت کہتے ہیں دعوت کو جیسے آپ کو کوئی کھانے کی دعوت دے کہ ہمارے گھر آئیں اور ہمارے ساتھ مل کر کھانا کھائیں۔<br>پھر بچوں کو ضائع کا فلیش کارڈ دکھا کر کہا جائے گا کہ ہمیں کسی بھی چیز کو چاہے وہ کھانے کی ہو پینے کی ہو یا استعمال کی ہو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں بچوں کو بتائیں کہ اگر آپ کسی کے گھر ضیافت پر جائیں تو وہاں اتنا ہی کھانا ڈالیں جتنا آپ کو کھانا ہے۔اُس کو ضائع مت کریں بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ض' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 2 منٹ | | |